ایک چمچ بڑا کھانے والا معجون مغز املتاس کی جوشاندے سے صبح اور شام کھانے کے دو گھنٹہ بعد اور رات کو سوتے وقت املتاس کی جوشاندے کے غرارے کریں اور سونے کے وقت تک کچھ نہ کھائیں اور نہ پئیں مکمّل آرام آنے تک جاری رکھیں
گلے کا انفیکشن. آواز بیٹھ جانا. آواز پھٹ جانا کا بہترین علاج ہے..

110 حب شفائے نزلہ

صاحب ے نسخہ

پروفیسر حکیم سید محمد شاہ صائم

تصدیق

حکیم میاں محمد صدیق 923004896615+

بزرالنج 2 تولہ
فلفل دراز 2 تولہ
جوزماثل 8 تولہ
زنجبیل 4 تولہ
صمغ عربی 2 تولہ
ریوند خطائی 4 تولہ

صاف ستھری چیزیں لے کر سبھی کا بریک پاؤڈر کر لیں گھی گوار کی مدد سے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا لیں,

1-1 گولی صبح شام استعمال کروائیں..

111 بند نزلہ

صاحب ے نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق +923004896615

خاندانی مجرب نسخہ ھے

نوشادر 5 تولہ, فلفل سیاہ 5 تولہ, اجوائن دیسی 5 تولہ
سفوف بنا لیں
500 ملی گرام کیپسول صبح شام ہمراہ قہوہ سونف استعمال کروائیں..

112 بخار کے بعد آی کمزوری

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

بخار آنے کے بعد کمزوری چگر وگیرہ رہتے ہیں تب
کسی بھی اچھے مغلظ کی ایک خوراک کھلا دیں

آدھے گھنٹے میں ہی مریض فرق بتاتا ہے

بخار میں نہی دینا ہے بخار آنا جب بند ہو جائے تب دینا ہے

113 برائے ڈینگو بخار

صاحب ے نسخہ

مرحوم ڈاکٹر دیوندر سندھو خننا پنجاب انڈیا

تصدیق

ڈاکٹر مسیح

حکیم محمد ایوب

حکیم سرفراز حسین

افسنتین 100 گرام

چھلکا ریٹھا 100 گرام

پھٹکڑی سفید پھولا 100 گرام

ست گلو خالص 100 گرام

سبھی کا پاؤڈر بنا لیں 1 گرام کیپسول میں بند کر کے صبح دوپہر شام 3 وقت دیں,

صرف ایک دن یا زیادہ سے زیادہ 2 دن دیں اس سے زیادہ نہ دیں دوسری خوراک سے بخار ختم ہو جاتا ہے,

مجرب المجرب تیر بے خطاء ہے..

114 ٹائیفائیڈ

صاحب ے نسخہ

ویدگرمیت سنگھ

تصدیق

ڈاکٹر مسیح 918393836440+

سفید پھٹکری پھولا
سہاگہ پھولا
گلو ست
گودنتی بھسم
مکتہ شکتی پشٹی

سبھی برابر وزن لیکر پاؤڈر بنا لیں

2-2 رتی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ دیں

3 دن میں ٹائیفائیڈ ٹھیک ہوتا ہے
مجررب ہے..

115 پرانے سے پرانا بخار

صاحب ے نسخہ

حکیم رمضان +923017466914

ہڑتال ورقیہ 10 گرام
کالی مرچ 300 عدد
برگ ریحان 300 عدد

ہڑتال کو 2 گھنٹے کھرل کریں پھر 1-1 کالی مرچ اور 1-1 برگ ریحان ڈالکر کھرل کرتے جایں
جب سب ختم ہو جائے تو کالی مرچ برابر گولی بنا لیں..

116 بخاروک جدید

صاحب ے نسخہ

حکیم جمیل احمد پیر سباقی

افسنتین دیسی30گرام.ستِ گِلو 100 گرام مغز بادام 60 گرام اجوائن دیسی 40گرام کوڑ انڈین 40 گرام مغز کرنجوہ 40 گرام فلفل سیاہ 30گرام. کشتہ گاؤدنتی 25گرام. کشتہ سنکھ در باتھو 15گرام.

سب چیزوں کو الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف بنائیں اور آخر میں کشتہ جات ملاکر تقریبا ایک گھنٹہ تک کھرل کریں اور 500 ملی گرام والےکیپسول بھر کر ایک ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی یا شربتِ عُناب دو چمچ کوایک گلاس پانی میں حل کرکے اس کے ساتھ استعمال کریں.

ملیریا بخار ڈینگی بخار ٹائیفائڈ بخار اور ہمہ قسم کے بخاروں کے لیے بہترین اور اکسیری خواص کا حامل نسخہ ہے بنائیں آزمائیں اور مجھ ناچیز وکم علم کو دعاؤں میں یاد رکھیں.

117 برائے ٹائیفائیڈ

صاحب ے نسخہ

حکیم محمود المعروف بابا سلطان +923007538700

گودنتی 250 گرام
اجوئن دیسی 250 گرام
نوشادر ٹھیکری 250 گرام
پھٹکڑی سفید 250 گرام
گودا کوارگندل 250 گرام

گودنتی کے علاوہ تمام اجزاء کا نغدہ بناکے گودنتی کو نغدہ میں رکھ کے ڈولی میں گل حکمت کرکے بیس کلو کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر گودنتی نکال کر پیس لیں آپ کی دواتیار ہے

پانچ سو ایم جی کیپسول صبح دوپہر شام کھانا کھانے کے بعد چاے سے دیں, کھانےمیں جو یا گندم کا دلیہ یا چاے رس کے علاوہ کچھ نہی دینا

تین دن بعد ٹائفائیڈ اتر جاتا ہے ٹوٹل دوا چار دن کھلانی ہے دوا ختم ہونے سے پہلے اگز دلیہ کے علاوہ کوئی چیز کھالی تو بخا دوبارہ ہو جاے گا دس دس سال کے پرانے ٹائفائیڈ پر تک الحمداللہ میرا تجربہ ہے گروپوں کے بیسیوں حکماء بنارہے ہیں..

118 ٹائفائیڈ

صاحب ے نسخہ

حکیم محمد شفیق قصور +923066815347

غدی سوزش۔500 ملی گرام 3 ٹائم
تریاق 6 125 ملی گرام 3ٹائم پانی سے

گلو 3 انچ
اجوائن 1 گرام
مغز بادام 7 عدد
کالی مرچ 3 عدد

رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔صبح کونڈی ڈنڈے سے رگڑائی کریں۔چھان لیں۔شکر سے میٹھا کرکے صبح خالی پیٹ پلاے 7 دن تک
بخار انشاءاللہ پہلے دن سے ھی اتر جائے گا۔
3 دن روٹی۔چاول گوشت انڈے بند رکھیں
نرم غذا استعمال کروائیں۔7دن کے بعد رپورٹ کروا لیں۔انشاءاللہ ٹائفائیڈ نہیں رھے گا۔

119 ٹائفائڈ

صاحب ے نسخہ

مرحوم وید ڈاکٹر دیوندر سندھو

تصدیق

وید مکیش جانگڑ

مغز کرنجوا 12 گرام,   گلو ست 5 گرام
مہین سفوف بناکر 5 خوراک بنا لیں
1 خوراک روزانہ صبح خالی پیٹ گرم پانی سے دیں.
5 خوراکوں میں ٹھیک ہو جاتا ہے..

120 بخار

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدل عزیز

تصدیق

حکیم ارشاد اللہ 923042152177+

کشتہ گودنتی در نیم 20 گرام, سفید پھٹکری بریاں 20 گرام
چیرایتا 20 گرام, ریوند چینی 20گرام,مغز کرنجوا 20 گرام
مہین سفوف بناکر رکھیں
1-1 گرام دن میں 3 بار پانی یا عرق گاوزبان سے دیں..

121 بخار

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر شعیب چودھری

تصدیق

ڈاکٹر رضوان رنگریز

اننناب, بادیان, خاکسی, اجواین, برگ گاوزباں
ہموزن لیکر سفوف بنا لیں
1-1 گرام صبح شام دیں..

122 ٹائفائڈ

صاحب ے نسخہ

حکیم ذولفقار صدیقی 923003415030+

ہلدی خالص پاؤڈر, پھٹکری بریاں

دونوں کو ہموزن مکس کر کر 250 ایم جی کیپسول بھر لیں
500-250 ایم جی عمر کے حساب سے صبح شام پانی یا
عرق مرکب سے دیں..
7-10 دن میں رپورٹ نیگیٹو آتی ہے..

123 بخار

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی +923064376396

مغز کرنجوا 20 گرام, مگھا 10 گرام

سفوف بناکر نخودی گولی بنا لیں
1-1 گولی صبح شام گنگنے پانی یا چاۓ سے دیں..

124 بخار

صاحب ے نسخہ

حکیم اکبر علی سلطانی +923007737122

پھٹکری سفید بریاں, میٹھا سوڈا, چینی
ہموزن لیکر سفوف بنا لیں اور 250 ایم جی کیپسول بھر لیں,
عمر کے حساب سے 1-2 کیپسول دن میں 3 بار پانی سے دیں,
پہلی خوراک سے آرام ملتا ہے, 7-11 دن دوائی دیں..

125 بخار

صاحب ے نسخہ

حکیم اکبر علی سلطانی +923007737122

شاہترا 50 گرام, برگ بانسا 50 گرام
مغز کرانجوا 25 گرام, خوب کلاں 25 گرام
الایچی کلاں 15 گرام, منقعہ 15 گرام

تمام کو دردرا کوٹ کر شام کو 2-3 کلو پانی میں رکھیں, صبح ہلکی آگ پر پکا لیں, چوتھا حصّہ بچنے پر چھانکر چینی کا قوام بناکر شربت بنا لیں..

126 جوشاندہ دائمی سر درد

صاحب ے نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق +923004896615

اسطوخودوس 10 گرام افتیمون 10 گرام
عناب 10 گرام خوب کلاں 5 گرام
بسفائج 10 گرام

1 کلو پانی میں جوش دیں صبح وشام استعمال کروائیں..

127 درد سر اور ہائی بلڈ پریشر

صاحب ے نسخہ

پروفیسر حکیم محمد اظہر خان بلوچ

تصدیق

حکیم میاں محمد صدیق +923004896615

اسطوخودوس 100 گرام　　کشنیز 100 گرام
اسرول 40 گرام　　نوشادر 15 گرام
فلفل سیاہ 15 گرام　　برگ سداب 125 گرام
صمغ عربی 50 گرام
سفوف بنا لیں،
1 گرام صبح وشام پانی کے ساتھ دیں..

128 چکّر آنا

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

نر کچور کو مہین پاؤڈر کر کے رکھیں
زیادہ چکر ہوں تو آدھا چمچ کھلوا دیں ورنہ 1گرام کھلا دیں
چکّر کسی بھی وجہ ث آ رہے ہوں 2-4 خوراک میں ٹھیک ہو جاتے ہیں..

129 دماغ کی کمزوری

لاعلاج سردرد, نسیان

صاحب ے نسخہ

حکیم محمد ابراھیم صاحب گوند پور سرگودہا

سنکھاہولی
برہمی بوٹی
جدوارخطائی
عودصلیب
بادرنجبویہ
اسطخودوس
ایک ایک تولہ
کشتہ چاندی تین ماشہ

سفوف بنا کر کشتہ ملا کر یکجان کرلیں اور منقی ملا کر چنے جتنی اور کچھ چھوٹی گولیاں بنا لیں

نہارمنہ 1تا2 گولی ہمراہ پانی یا دودھ اور دو گولی بوقت عصر دیں
دماغ کی کمزوری چند دن میں ٹھیک ہوجاتی ہے ۔بھولی بسری باتیں یاد آنا شروع ہوجاتی ہیں ۔بچوں کے لئے کمال

کی چیز ہے ۔ذہانت بڑہاتی ہے ۔اور ہر طرح کا عسرالعلاج سردرد اس سے ٹھیک ہوجاتا ہے ۔ایسے شدید سر درد کے مریضوں کو میں نے لوٹ پوٹ ہوتے دیکھا ہے جن پہ انگریزی دوائی بھی کام نہیں کررہی ہوتی ہے۔ایسے مریض کو میں نے ایک ھفتہ دوا دی پھر سردرد نہیں ہوا ۔الحَمْدُ ِللہ

بچوں کو دودھ سے دیں ۔ذہانت بھی بڑھے گی دماغ کی کمزوری ختم ہوگی۔اور بچے موٹے تازے ہوجائیں گے ۔
اس سے جسمانی طاقت بھی ملتی ہے نوجوانوں کی باہ کے لئے بھی مفید ہے۔بھوک کھل کر لگتی ہے ۔معدہ کے لئے بھی کمال کی چیز ہے..

130 نسیان

صاحب ے نسخہ

حکیم نظر سبحانی

تصدیق

حکیم محمد شفیق +923066815347

شاخ مرجان 50 گرام
بکرے کا مغز 2 عدد
گھی گائے 1/2پاو
گری کھوپرا 2 کھوپے

ایک کھوپرے میں مغز بھر دیں۔اوپر مرجان رکھ دیں دوسرے میں گھی ڈال دیں
دونوں کے لب برابر کرکے آٹے سے بند کر دیں۔روغنی ہانڈئ میں ڈال کر گل حکمت کریں۔20 کلو اوپلون کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر شاخ مرجان نکال لیں اور
آب عرق گلاب 50 گرام سے کھرل کرلیں
ایک رتی دوالمسک میں یا خمیرہ گاوں زبان سے
7دن کھلا کر 1-2 دن کا ناغہ کریں پھر 7 دن کھلا دیں
14 خوراک کافی ہوتی ہیں, بچپن کی بھولی باتیں یاد آ جاتی ہیں, نظر تیز اور مقوی دماگ و حافظ ہے..

131 دماگی کمزوری, مرگی

صاحب ے نسخہ

ویدِ مالوے مانگیلال +918209561821

وچ 160 گرام
کوٹھ 160 گرام
شنکھ پشپی 160 گرام
براہمی 160 گرام
گائے کا گھی 640 گرام

اگر سبھی چیزیں تازی ہیں تو 4 گنا پانی میں سوکھی ہوں تو 8 گنا پانی میں رات کو بھیگو کر صبح ہلکی آگ پر پکا کر کاڑھا بناکر اس کاڈھے میں دیسی گھی ڈالکر ہلکی آگ پر پانی خشک کر لیں.
بچوں کو 1-2 بوند دودھ کے ساتھ دیں, مجرب ہے..

132 ٹینشن۔ ڈپریشن اور مالیخولیا

صاحب ے نسخہ

پروفیسر دوست محمد چنا +923424244273

1۔ جڑ اسگندہ 5 تولہ
2۔اسطوخدوس 1 تولہ
3۔ گل گاؤزبان 1 تولہ
4۔ گل گلاب ایرانی 1 تولہ
5۔ الائچی خورد 1 تولہ
6۔ مغز جائفل 1 تولہ

باریک سفوف کر کے 500 ایم جی کیپسول ہمراہ پانی یا دودھ دن مین دو بار دیں۔۔

نوٹ۔ کچھ عورتون کا خون حیض کئی دن گذر جانے کے بعد بھی کسی دوا سے نہین رکتا۔ تو سمجھو وہ کسی ٹینشن سے گذری ہے۔ رب کریم کے فضل سے یہ کیپسول کھانے سے ایک دو دن مین خون حیض بند ہو جاتا ہے۔

بار ہا مجرب نسخہ۔

133 ہیئر آئل

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر رضوان رنگریز +919028141388

بھنگرا	200 گرام
آملا	100 گرام
ہلیلا	100 گرام
بھیڈا	100 گرام
کلونجی	100 گرام
میتھی	100 گرام
گل گڈھل	100 گرام
ناگر موتھا	100 گرام
برگد کی داڑھی	100 گرام
ارنڈ تیل	500 گرام
تل تیل	5 کلو

بھنگرا اور برگد کی داڑھی کو صاف کر کے 2 کلو گرم پانی میں 24 گھنٹے کے لئے بھیگو کر رکھیں, 24 گھنٹے بعد ہلکی نرم آگ پر پکا کر اسکا جوشاندہ بناکر رکھیں

باقی سبھی کو دردرا کوٹ کر 2 کلو تل تیل میں 24 گھنٹے کے لئے رکھیں, 24 گھنٹے کے بعد ہلکی نرم آگ پر رکھ کر سبھی دوائی جلنے تک پکا کر چھان کر تیل الگ کر لیں,

اب رکھے ہوئے جوشاندہ اور اس تیل کو ملاکر پکا لیں جب تیل باقی بچے تو باقی بچا ہوا 3 کلو تل تیل اور 500 گرام ارنڈ تیل ڈالکر جوش دیکر چھان کر رکھیں..

بالوں کا جھڈنا, ٹوٹنا, بال باریک ہونا کو ختم کرتا ہے
بالوں کو نرم کرتا ہے لمبے اور چمکدار بناتا ہے..

134 ہیئر آئل

صاحب ے نسخہ

حکیم عبد الغفار, فیصلآباد +923068813885

سرسوں کا تیل 1 کلو
امر بیل 250 گرام

ہلکی نرم آگ پر تیل میں امر بیل کو جلا لیں,
تیل چھان کر محفوظ رکھیں
بالوں کا گرنا گنجاپن میں مجررب ہے..

135 ہیئر پرموٹ آئل

صاحب ے نسخہ
ڈاکٹر کوثر ناز

روغن ارنڈ
روغن آملا
ناریل تیل
روغن بیضہ مرغ
روغن بے نظیر

سبھی پانچو تیل 20-20 گرام لے کر یکجان مکس کر کے
100 ایم ایل شیشی بھرکر محفوظ رکھیں,
رات کو سوتے وقت ہلکے ہاتھ سے مساج کریں..

بالوں کو خوبصورت, لمبے, گھنے, چمکدار بناتا ہے
مجررب ہے..

روغن بے نظیر
روغن کنجد, ناریل تیل, آملا, ماجو پھل, ہلیلا سیاہ
جلاکر چھان کر رکھیں. روغن بے نظیر تیار ہے

بالوں کو دھونے کے لئے

بھرڈ, بھیڈا, آملا, ریٹھا, شکا کائی, میتھی دانہ, کلونجی, اجواین, سنا مکی, پیلی سرسوں, رتن جوت, برگ حنا, بال چھڈ, سوکھی پیاز, سوکھا لہسن, سوکھا ادرک

ہموزن لیکر پاؤڈر بناکر رکھیں
حسبے ضرورت رات کو پانی میں بھیگو کر رکھیں, صبح اس میں 2 انڈے ملاکر مکس کریں اور سر میں لگاکر آدھا سے 1 گھنٹے بعد دھو لیں, ہفتے میں 2 بار استمال کریں..

بالوں کا جھڈنا, ٹوٹنا ختم کرتا ہے. بالوں کو گھنا چمکدار بناتا ہے..
عرصہ 20 سال سے زیرے استمال ہے..

136 ہیئر آئل

صاحب ے نسخہ

حکیم ریاض احمد +923004709985

روغن ناریل 500 گرام
میتھی 50 گرام
کلونجی 50 گرام
ارنڈ تیل 50 گرام

15-20 منٹ ہلکی آگ پر پکا کر چھانکر رکھیں کوئی خوشبو اسینس ملا دیں,
بالوں کو گرنے سے روکتا ہے..

137 ہیئر آئل

صاحب ے نسخہ

حکیم ریاض احمد +923004709985

ترفلہ 250 گرام
شکا کائی 250 گرام
پوست ریٹھا 250 گرام
بال چھڑ 250 گرام
رتن جوت 250 گرام
تیل سرسوں 4 کلو
تل تیل 500 گرام
ارنڈ تیل 500 گرام

1-5 تک کو 6-5 کلو پانی میں ڈالکر 24 گھنٹے کے لئے رکھیں
24 گھنٹے بعد اسکو پکائے ہلکی آگ پر, جب پانی تیسرا حصّہ باقی بچے تو اتار کر چھان کر رکھیں.
اس پانی کو تیل میں پکا کر خشک کر لیں
خوشبو کلر کے لئے اسینس ملا دیں

بالوں کا گرنا, خشکی, سیکری میں بہترین ہے..

138 بالوں کو لمبا کرنے کے لئے

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغفار فیصلآباد +923068813885

سرسوں کا تیل 1 کلو

پیلے کنیر کے تازے پھول 250 گرام

تیل میں پھولوں کو ہلکا سا پکا کر محفوظ رکھیں

رات کو سر میں لگاکر صبح سر دھو لیں,

بالوں کو لمبا ملایم کرنے میں اکسیر ہے..

139 بالوں کا گرنا

صاحب ے نسخہ

حکیم سردار محمد صفی 93771147867+

تیل سرسوں 1 کلو
لونگ 20 گرام
رتن جوت 20 گرام
میتھی دانہ 20 گرام
کلونجی 20 گرام
پوست ریٹھا 25 گرام

سبھی کو دردرا کوٹ کر تیل میں جلا لیں اور چھان کر رکھیں..

3 دن استمال کرنے سے بال گرنا بند ہوتے ہیں,
لگاتار استمال سے بال پیدا ہو جاتے ہیں..

140 بواسیر خونی- بادی

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر جلال خان, افغنستان +93786154051

تصدیق

حیکم رمضان, پاک پتن	+923047980717
ڈاکٹر ذاکر حسین	+919928032716
ڈاکٹر مسیح	+918393836440
حکیم محمد ارشد	+923447463834
حکیم ساجد	+923051386320
ڈاکٹر نعیمہ	+918056056863
حکیم میاں محمد صدیق	+923004896615
حکیم شوکت سلفی	+923145382566
وید وینود کمار موہن	+919463536722

1 مغز تخم بکاین	50 گرام
2 مغز تخم نیم	50 گرام
3 چاکسو	50 گرام
4 کالی مرچ	50 گرام
5 پوست ریٹھا	50 گرام
6 رسوت	50 گرام
7 تخم ترامیرا	50 گرام

8 گندھک آنولہ سار 30 گرام
پاؤڈر کر کے مولی کے پانی سے یا سادے پانی سے 1-1 گرام کی گولی بنا لیں یا پاؤڈر ہی رہنے دیں اور
2-2 گرام صبح شام خالی پیٹ دیں,
تینوں انسانی زہر ختم کرتی ہے, مسے بھی ختم ہوتے ہیں

141 ہر قسم کی بواسیر

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد +971544966478

رسوت مصفی 30 گرام، مغز تخم نیم 30 گرام، انزروت 30 گرام، گندھک آملہ سار 30 گرام

تمام ادویہ کو پیس کر باریک سفوف بنا لیں اور 500 ملی گرام والے کیپسول بھر لیں

ایک کیپسول صبح ایک کیپسول دوپہر، ایک کیپسول رات کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ پانی کیساتھ پندرہ دن سے ایک ماہ استعمال کریں
ہر قسم کی بواسیر اور معدہ کے زخموں کا مکمل علاج ہے..

142 بھگندر،فسچولہ

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد +971544966478

فسچولہ کیا ہے

فسچولہ کو بھگندر بھی کہتے ہیں۔ یہ ان خراب قسم کے گہرے زخموں کو کہتے ہیں جو مقعد کے کنارے پیدا ہوکر متعفن، یعنی بدبودار ہوجاتے ہیں اور اس کے اردگرد امعاء مستقیم، یعنی بڑی آنت اور پاخانہ والی جگہ کا گوشت فاسد یعنی، ئ ہوجاتا ہے جن سے ہمیشہ زرد پانی جاری رہتا ہے مرض کے شروع سے ہی مقعد میں جلن رہنے لگتی ہے جو آہستہ آہستہ شدت اختیار کر جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مقعد کے اندر کی طرف ایک موہکہ بنتا ہے جس سے زعرد رنگ کی پیپ نکلتی ہے

بھگندر،فسچولہ کی وجوہات

فسچولہ ہونے کی وجوہات میں سے سب سے پہلے مقعد کے کناروں پر ہونے والے زخم ہیں آنتوں میں زخم اور کثرت حرارت کے باعث بھی فسچولہ ہوسکتا ہے جنسی طور پر لگنے والے امراض، شراب نوشی، گرم مزاج والی

غذائیں اور ھرم و سخت جگہ پر زیادہ دیر بیٹھے رہنے سے بھی فسچولہ ہوسکتا ہے

فسچولہ،بھگندر کی علامات اور نشانیاں

مرض کے شروع ہوتے ہی مقعد میں جلن رہنے لگتی ہے جو آہستہ آہستہ مزید بڑھ جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مقعد کے اندر کی طرف ایک تیز مُنہ والا موہکہ ظاہر ہوتا ہے جب وہ پُختہ ہوجاتا ہے تو پھر اس سے زرد رنگ کی پیپ نکلنے لگتی ہے اس وقت مریض کو شدید درد ہوتا ہے مگر جب یہ پھٹ جاتا ہے اور صرف کچا سا خون نکلتا ہے تودرد میں کمی واقع ہوجاتی ہے کبھی وقتاً فوقتاً لیس دار پانی سا نکلتا رہتا ہے جو مریض کے لیئے پریشانی کا باعث بن جاتا ہے اگر یہ تکلیف مسلسل کافی عرصہ تک قائم رہے اور درست علاج نہ ہونت پائےتو پریشانی مزید بڑھ جاتی ہے.

اس کا علاج

سفیدہ کاشغری 10 گرام، رسوت مصفی 10 گرام، موم زرد 10 گرام، ہلدی 10 گرام، گل خطمی 10 گرام، مقل 20 گرام، روغن گل 60 گرام، روغن السی 60 گرام

روغنیات کو ہلکی آنچ پر رکھ کر باقی ادویہ باریک پیس کر تھوڑی دیر پکا لیں اور پُن چھان کر اس میں کافور 10 گرام اچھی طرح ملا لیں مرہم سی بن جائے گی اس کو کسی شیشی میں ڈال کر رکھ لیں
روئی کا پھایا مرہم سے تر کر کے مطلوبہ مقام میں رکھیں رات سوتے وقت پندرہ دن سے ایک ماہ استعمال کریں
اور خوراکی دواء میں معجون عشبہ و اطریفل مقل استعمال کریں قبض نہ ہونے دیں

بھگندر، فسچولہ، قروح مقعد، شقاق مقعد، اور خونی بواسیر میں مفید ہے..

143 بواسیر خونی

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر نعیمہ +918056056863

کتھا کانپوری, ریٹھا, رسوت, ریوند چینی
ہموزن کا پاؤڈر بناکر 500 ایم جی کیپسول صبح شام دیں

زیادہ خون آنے پر آدھا آدھا چمچ صبح شام بھی دے سکتے ہیں, مجررب ہے...

144 بواسیر خونی بادی, گیس, قبض

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی +923064376396

رسوت ایک نمبر	10 گرام
پوست ریٹھا	20 گرام
تخم بکاین	20 گرام
مولی کا پانی	125 گرام

سبھی کا پاؤڈر بناکر اسمیں مولی کا پانی ڈالیں اور اسکو نرم آگ پر خشک کر لیں,

1-2 دن کے لئے رکھ دیں جب پوری طرح خشک ہو جائے تو بریک پیس کر کالی مرچ سے تھوڑی بادی گولی بنا لیں

بادی بواسیر میں 1-1 گولی دن میں 3 بار پانی سے دیں
خونی بواسیر میں 1-1 گولی صبح شام دودھ سے دیں

بھگندر پھوڑے پر بھی کام کرتی ہے..

145 بھگندر،ناسور،نواسیر

صاحب ِ نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق +923004896615

یہ نسخہ میرے والد محترم کا معمول مطب تھا وہ زیادہ تر فی سبیل اللہ ہی لوگوں کو دیتے تھے، اب میرا بھی معمول مطب ہے (حکیم میاں محمد صدیق)

چھلکا ریٹھا, قلمی شورہ, برگ بھنگ, تین سالہ پرانا گڑ

ہموزن لے کر موٹے چنے برابر گولیاں بنا لیں
کچی لسی کے ساتھ استعمال کروائیں بہت شاندار رزلٹ ہے

146 بواسیر ہما قسم

صاحب ِ نسخہ

حکیم عبرار +923336765806

پھلی نوشادر, مصبر, ہیرا ہینگ, نمک سیاہ
ہموزن لیکر پاؤڈر بنا لیں اور چنے برابر گولی بنا لیں

1-1 گولی صبح شام گائے کے دودھ سے دیں
بہترین رزلٹ ملتا ہے..

147 بواسیری مسے

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال 923488349957+

250 گرام تل کے تیل میں 10 عدد تازے مرے ہوئے تتیا جلا کر کویلہ کر لیں اور انکو تیل میں ہی کھرل کر کے مرہم سا بنا لیں,
روئی سے مسسوں پر لگایں, 10-15 دن میں مسسے جھڑ جاتے ہیں..

148 بواسیری مسے

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال 923488349957+

صوتی کپڑے کو مدار کے دودھ میں 3 بار تر خشک کر کے کسی برتن میں جلا کر راکھ بناکر پیس لیں,
اسمیں ویسلین ملاکر مرہم بن لیں

صبح شام مسوں پر لگایں مسے ختم ہو جاتے ہیں..

149 بواسیری مسے

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

تل تیل	250 گرام
موم	50 گرام
نیلا تھوتا	10 گرام
ہڑتال ورقیہ	10 گرام

تیل کو آگ پر رکھ کر نیلا ڈالکر جلا لیں, پھر ہڑتال ڈالکر جلا لیں, پھر اس میں موم ملکر مرہم بنا لیں

مسوں پر لگاے, مسے ختم کرتا ہے, جلن ختم کرتا ہے..

150 بواسیر خونی بادی

صاحب ے نسخہ

وید بلویر سنگھ

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

دیسی گلاب پھول

شددھ رسوت

شدھ ایلوا

کالی ہرڈ دیسی گھی میں بریاں

سبھی کا پاؤڈر بناکر بڑے چنے برابر گولی بنا لیں

2-2 گولی صبح شام پانی سے دیں

بہترین رزلٹ ہے..

151 بواسیر خونی بادی

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر امندیپ سنگھ چیمہ

تصدیق

ڈاکٹر مسیح 918393836440+

مغز تخم نیم	100 گرام
بھرڈ ارنڈ تیل میں بریاں	100 گرام
ایلوا	100 گرام
شدھ رسوت	100 گرام
پوست ریٹھا بریاں	50 گرام
سفید فٹکری پھولا	50 گرام
سفید کتھا	20 گرام
سونا گیرو	20 گرام
کافور	10 گرام

سبھی کا پاؤڈر بنا کر نیم کے پتّوں کے پانی میں کھرل کر کے خشک کریں, خشک ہونے پر پیس کر گھی گوار کی مدد سے مٹر برابر گولی بنا لیں
2-2 گولی صبح شام پانی کے ساتھ دیں
میں ایک ٹائم صبح یہ گولی دیتا ہوں اورشام کو اوپر لکھے نسخے کی 2 گولی دیتا ہوں **(ڈاکٹر مسیح)**

152 اکسیر شوگر

صاحب ے نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق کنگنپور +923004896615

تصدیق

حکیم عبد الغفار, فیصلآباد +923068813885

اندر جوں تلخ
تخم جامن
گڈمار
جنگلی کریلا
ہرڈ زرد
گوند کیکر
تخم سرس
کلونجی

باریک سفوف بنا لیں
اگر شوگر 300 سے زیادہ ہو تو 1-1 گرام صبح دوپہر شام دیں
اگر شوگر 300 سے کم ہو تو 500 ایم جی صبح دوپہر شام دیں..
میدے کی اصلاح ضروری ہے..

153 شوگر

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر جلال خان, افغنستان +93786154051

تصدیق

ڈاکٹر ذاکر حسین +919928032716
حکیم ساجد +923051386320
حکیم شوکت سلفی +923145382566

1 جھاؤ کے پتے 2 کلو
پانی 12-10 کلو

جھاؤ کے پتّوں کو دردرا کوٹ کر پانی میں ڈالکر 24 گھنٹے کے لئے رکھیں, دن میں 8-10 گھنٹے دھوپ لگانا ضروری ہے,

24 گھنٹے بعد اسکو ہلکی نرم آگ پر رکھیں جب پکتے پکتے 3کلو پانی بچے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے دیں, پتّوں کو نچوڑ کر پانی الگ کر لیں.
اس پانی کو ہلکی نرم آگ پر پکاے, یہ پکتے پکتے تیل نما لیکویڈ بن جایگا
1 کپ تک تیل بنتا ہے..

اسکو ڈروپر میں بھر کر رکھیں
2-2 بوند صبح شام مریض کے گلے میں ٹپکا دیا کریں
یا
1 کپ میں 3-4 چمچ دودھ یا پانی ڈالکر صبہا شام خالی پیٹ پلاے

جسکا بی پی نہ بڑھتا ہو اسکو دیں, شوگر کنٹرول ہوتا ہے

جسکا بی پی بڑھتا ہو اسکو بدرکہ بدل کر دیں

1-3 مہینے میں مکممل ٹھیک ہوتا ہے
بیزر ہے کوئی نقصان نہی ہے..

154 شوگر (انسولین ڈپنڈنٹ)

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدل رحمان بٹ بحرین , 923317775748+

پارہ مصفہ 10 گرام
گندھک آولاثار مصفہ 10 گرام
دونوں کو کھرل کر کے کجلی تیار کر لیں,

شنگرف 10 گرام
لونگ 70 گرام
مال کنگنی 30 گرام
اجواین دیسی 20 گرام
شنگرف کو 2-3 گھنٹے کھرل کر کے چمک ختم کر لیں,
باقی سبھی کا مہین پاؤڈر کر کے سبھی ملاکر یکجان کھرل کر کے 500ایم جی کیپسول بھر لیں,
1-1 کیپسول صبح شام کھانے کے بعد پانی سے دیں

آہستہ آہستہ 4 ہفتوں میں انسولین چھوٹ جاتی ہے
مثال کے طور پر اگر مریض دن بھر میں 40 یونٹ انسولین لے رہا ہے تو 40 کو 4 سے تقسیم کر دیں 10 آیگہ

پہلے ہفتے 1-1 کیپسول صبح شام دیں اور مریض کا 40یونٹ انسولین لگوانا بند نہ کریں اسکو لگنے دیں
دوسرے ہفتے انسولین 30 یونٹ لگواے, تیسرے ہفتے 20 یونٹ, چوتھے ہفتے 10 یونٹ اور پانچوے ہفتے بند کر دیں
دوائی لگاتار صبہا شام کھلاتے رہیں
مریض کو ٹینشن ہوگی تو شوگر بڑھ جایگا, ٹینشن کے لئے دوائی دیں..

155 ڈائبیٹک لوز موشن, لوز موشن

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر نعیمہ +918056056863

زنجبیل
بھرڈ

ہموزن لیکر پاؤڈر کریں 500 ایم جی کیپسول صبح شام دیں
متلی-چگر بی پی کی کمی کو پورا کرتا ہے..

156 شوگر

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان افغانستان +93786154051
حکیم نعمت اللا صاحب +923070763546

جھاؤ والی دوائی کی 5ڈراپس صبح خالی پیٹ 1 کپ پانی میں
کشتہ بیضہ مرغ+ کشتہ کلی دونو مکس کر کے 500 ایم جی کیپسول صبح شام کھانے کے 15 منٹ بعد دیں..

157 شوگرکے زخم

صاحب ے نسخہ

حکیم یاسین صاحب فرام گجرات

تل کا تیل	1 کلو
گندھک آنولہ سار	70-80 گرام
ہڑتال ورقیہ	10 گرام
رسکپور	10 گرام

ایک کلو تیل میں گندھک ڈال دینی ہے۔اسکو ہلکی آنچ پہ پکانا شروع کر دینا ہے۔آہستہ آہستہ گندھک حل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔جس وقت آدھی گندھک حل ہو جاے۔تو پھر ہڑتال ورقیہ اور رسکپور جو پہلے سے مثل غبار بنا ہوا ہو۔وہ اس میں شامل کر لیں۔اور اچھی طرح ہلاتے رہین۔جس ٹائم یہ بلکل یعنی گندھک اور ہر چیز(ہڑتال اور رسکپور)حل ہوگی ہے۔اس ٹائم اس کا رنگ آجائے گا۔جس طرح کوک کی بوتل ہوتی ہے ویسے آجائے گا۔پھر اس تیل کو اتار لیں۔پھر اس میں 50 گرام لونگ کا باریک سفوف کپڑ چھان شامل کرلینا ہے۔اور آپ نے اسکو 15 سے 20 منٹ ہلاتے رہنا ہے۔پھر جب یہ ٹھنڈا ہو جاے تو شیشے کی بوتل میں ڈال دین۔یہ زخموں پہ لگاوے۔

پہلے کچھ دن یہ تیل لگوائیں۔اس کے بعد آپ نے مرہم سیاہ شروع کرنی ہے۔

مرھم سیاہ

تل کا تیل 250 گرام
سندور 50 گرام
مرداسنگ 10 گرام
نیلا تھوتھا 6 گرام
رال سفید 10 گرام

ان کی کالی مرہم بنا لینی ہے۔ساتھ اسکے آپ نے آنبہ ہلدی 1000 ملی گرام کے کیپسول دینے ہیں صبح اور شام اور ساتھ کوئ بھی مصفی خون شامل کر لیں اور ساتھ رسکپور بھی شامل کر لینا ہے جو کسی قسم کا بھی بنا ہوا ہو

جب آپ تیل لگوائیں تو ساتھ ٹکور بھی کروائیں کسی بھی ڈائیر مشین سے کرلے،یا کوئ بھی چیز سے کر لے یا استری گرم کرکے اس کے ساتھ،وہ ٹکور لازمی کریں۔اس کے ساتھ ایک بات۔جس مریض پہ پس پڑی ہو بہت زیادہ شوگر کے مریض کی سفیدی مائل بہت زیادہ ہو تو۔اس سفیدی کو صاف کرنے کےلے صرف اور صرف آپ نے ایسا کرنا ہے پوست ریٹھا اسکا سفوف کرلین۔اور وہ جو ہے وہ لگائیں۔جب آپ وہ لگائیں گے اس سے جتنی بھی پس ہے وہ زخم کے اندر۔وہ تین سے چار دن میں نکل جاۓ گی اور

جو زخم ہے وہ سرخی مائل پہ آجائے گا۔جب زخم سرخی مائل پہ آجائے۔تو اس کے بعد آپ جو ہے نا آپ تیل لگوانا شروع کردیں آپ جب دیکھیں کہ اپکا تیل ریکوری جلدی کر رہا ہے تو تیل ہی لگواتے رہین۔اگر سمجھے تیل نے تھوڑی ریکوری کرکے اس کے بعد سٹاپ کردیا ہے تو پھر مرہم شروع کروادیں۔اورساتھ میں ایک زخم دھلانے کےلے استعمال کرتے ہیں

زخم دھلانے کےلے

پھٹکڑی 2 تولہ
نیلا تھوتھا 1 تولہ
یہ میں مکس کرکے رکھ دیتا ہوں۔جب مریض آتا ہے تو میں اسکو تین تولہ کی ایک پڑیہ دیتا ہوں اور کہتا ہوں کے
نیم کے پتے تازہ 250 گرام
کیکر کی چھال تازہ 500 گرام
ڈھائ کلو پانی میں اسکو ڈال دیں
اور ہلکی آنچ پہ وہ پکاتے رہین۔جب دیکھیں اپکا پانی ڈیڑھ کلو رہ گیا اتار لیں اور پن چھان کے اپنے پاس محفوظ رکھ لین۔اور اس سے آپ مریض کا زخم صاف کرواتے رہیں
یہ مکمل نسخہ ہو گیا ہے ..

158 شوگرکےلیے

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹرطاہر شبیر ملہی صاحب فرام میلسی

تصدیق

ڈاکٹر محمد اسلم

کلونجی	55 گرام
قسط شیریں	10 گرام
تخم کاسنی انڈیا	15 گرام
میتھرے	10 گرام
ہالوں	10 گرام

سب کا فائن پاوڈر کر لیں۔

اگر شوگر بہت زیادہ ہو تو
ایک چمچ صبح، دوپہر،شام
اگر 200 کے قریب ہو تو پھر صبح شام
پورے پرہیز سے استعمال کریں تو 6 ماہ میں لبلبہ ٹھیک کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔

159 کیپسول شوگر جلالی

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان افغانستان 93786154051+

تصدیق

حکیم ارشد سرگودھا

میتھی دانہ 250 گرام
کلونجی 250 گرام
گڈمار 250 گرام
جھاؤ کا رب 125-250 گرام

جھاؤ کا رب تیار کریں, جب قوام گاڑھا سا ہو تو کڑاہی اتار کر تینوں دواؤں کا باریک سفوف مکس کر کے دھوپ میں خشک کر لیں

1000 ایم جی کیپسول ٹھوک کر بھریں

1-1 کیپسول صبح شام دیں
مرض کی شدّت زیادہ ہو تو 2-2 کیپسول صبح شام دیں..
بہترین رزلٹ کا حامل نسخہ ہے..

160 ہیپاٹائٹس

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدل رحمان بٹ بحرین , +923317775748

ایسا سینہ کا راز جو الحمد اللہ ہیپاٹائٹس کا ٹیسٹ بھی ہے اور تقریباً علاج بھی یہ ایک قہوہ کا نسخہ ہے جسے میں فی سبیل اللہ دیتا تھا جب پاکستان میں تھا

اس کی خوبی یہ کہ یہ ہیپاٹائٹس کے مرض کو جسم میں ماپ کر علامات ظاہر کرتا ہے

جیسے بلکل ابتدائی سوزش میں صرف دل خراب ہو گا
ہیپاٹائٹس ہونے کی صورت میں قے آئے گی
جتنا زیادہ ہیپاٹائٹس ہو گا اتنی زیادہ قے آئے گی

اور مزے کی بات جیسے ہی مرض کی شدت قے کی صورت میں ظاہر ہو جائے گی قے بغیر کسی دوائی کے خود بخود رک جائے گی اور کمزوری بھی نہیں ہو گی انشاء اللہ

اگر مریض کو ہیپاٹائٹس نہیں ہے تو یہ قہوہ ہضم ہو جائے
گا اور کوئی بھی علامت ظاہر نہیں ہو گی
حتی کہ اگر حاملہ بھی پی لے اور اسے ہیپاٹائٹس نہیں ہے
تو اسے بھی کوئی علامت ظاہر نہیں ہو گی

گھگھر بیل (بندال ڈوڈا) کا 1-2 ڈوڈا لے لیں
اسکو 1-1.5 گلاس پانی میں ڈالکر ہلکی نرم آگ پر پکاے
جب پانی میں ہلکا سا پیلاپن آجاے اور پانی سے خوشبو آنی
شروع ہو جائے تو اتار کر چھان لیں
مریض کو دے دیں اور بولیں کے گھر جاکرخالی پیٹ پی
لے

ہر ہفتے 1 بار خالی پیٹ پلانا ہے
ہر ہفتے جیسے جیسے مرض کم ہوگا الٹی بھی اسی حساب
سے کم ہوتی جاتی ہیں
جس ہفتے یہ کاڑھا حزم ہو جائے الٹی نہ ہوں تو ٹیسٹ کرا
دیں
انشا اللہ رپورٹ نیگیٹو ہوگی
بیچ میں ہفتے بھر کے لئے کوئی جگر کی دوائی بھی دے
سکتے ہیں..
مجررب ال مجررب ہے...

161 هیپا ٹائیٹس سی

کی صرف نو دن میں ٹیسٹ رپورٹ کلیر

صاحب ے نسخہ

حکیم رمضان صاحب جوھر اباد

تصدیق

حکیم مسعود احمد اعوان فیصل آباد

کنڈیاری کے ڈوڈے11 دانے لے کر 3 کلو پانی میں ابالیں
جب 3 کپ رہ جائیں تو صبح نہار منہ 1 کپ پی لیں

دوسرا دوسرے دن
تیسرا تیسرے دن
3 سے 9دن کا کورس ھے

ھیپاٹائٹس سی کی رپورٹ کلیر ھو جاتی ھے دس سال سے
مجرب ھے..

162 ہیپاٹائٹس بی

صاحب ے نسخہ

حکیم ذولفقار صدیقی +923003415030

پھٹکری بریاں
سونا گیرو

ہموزن لیکر یکجان مکس کر لیں
500 ایم جی کیپسول بھر لیں

بڑوں کے لئے

1-1 کیپسول خالی پیٹ صبح شام دہی والی لسسی یا گنے کا جوس یا شربت انار سے دیں موسم کے حساب سے..

کھانے کے 2 گھنٹے بعد
عرق مکو+ عرق کاسنی+ عرق سونف+ شربت بزوری موتادل چاروں کو مکس کر کے 25 ایم ایل 1 گلاس پانی میں ڈالکر دیں..

پہلے قبض کا علاج کریں پیٹ صاف رکھیں

1 مہینے تک ہیپاٹائٹس بی ٹھیک ہو جاتا ہے..

163 نکسیر

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر جلال خان, افغنستان +93786154051

تصدیق

حکیم ساجد +923051386320

1 چھوٹی الایچی	50 گرام
2 ورق نقرہ	50 گرام
3 سمدر جھاگ	30 گرام
4 دھنیا خشک	30 گرام
5 زیرا سفید	30 گرام
6 ریوند چینی	30 گرام
7 ریوند خطائی	30 گرام
8 قلمی شورا	30 گرام
9 جو خار	30 گرام

سبھی کا پاؤڈر کر کے 1-1 ورق نقرہ ملاکر کھرل کرتے جائے, ختم ہونے پر محفوظ رکھیں

چوتھائی سے آدھا چمچ صبہا شام عرق مکو عرق کاسنی سے دیں, 2-3 دن میں نکسیر ٹھیک ہوتی ہے

زیادہ سے زیادہ 15 سے 1 ماہ کا استمعال کافی ہوتا ہے دوبارہ نکسیر نہی چھوٹتی. جنکو ماہواری درد کے ساتھ آتی ہے اسمیں بھی اچھا رزلٹ ہے..

164 جسم کے کسی بھی حصّے سے خون آنا

صاحب ے نسخہ

ویدگرمیت سنگھ

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

سفید فٹکری پھولا	10 گرام
انار کی کلی یا چھلکا	10 گرام
سفید کتھا	10 گرام
دھاگے والی مصری	30 گرام

سبھی کا باریک پاؤڈر کر لیں

500 ایم جی سے 1 گرام دن میں 2-3 بار دیں

پہلی دوسری خوراک سے رزلٹ ملتا ہے..

165 جسم کے کسی بھی حصّے سے خون جانا

صاحب ے نسخہ

حکیم غلام دستگیر قادری 923006880292+

سفید پھٹکری 50 گرام
تازے نیم کے پتوں کا نگدا 250 گرام

نگدے میں فٹکری رکھ کر توے پر جلا لیں, راکھ سمیت سبھی کچھ پیس کر رکھیں.
1-2 چنے برابر دن میں 3 بار کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے پانی سے دیں, شدید صورت میں شربت انجبار سے یا دودھ سے دیں انشاللہ پہلی خوراک سے آرام ملیگا..

166 پیشاب کی جلن پیلیا,خارش

صاحب ے نسخہ

حکیم حضرت دوست محمد صابر ملتانی

تصدیق

حکیم صوفی رفاقت علی 923064376396+

قلمی شورا 10 گرام
گندھک انوالہ سار 10 گرام
کالی مرچ ثابت 3 گرام

کس کھلی جگہ پر لوہے کی کڑاہی میں نرم آگ پر قلمی شورا پگھلا کر اس میں ایک ایک کالی مرچ جلا لیں, جب سب جل جایں تو آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے دیں اور خرچ کر پیس کر اسمیں گندھک کا پاؤڈر ملاکر رکھیں

1 رتی سے 500 ایم جی تک حسب مرض مریض کی نوعیت صبح شام دیں

ہیپاٹائٹس بی, ہیپاٹائٹس سی پر بھی مفید ہے,
بھگندر پر بھی کام کرتا ہے..

167 اکسیر سنگ گردہ

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ, +923016512291

پوست ریٹھہ اتولہ

حجر الیہود اتولہ

سنگ سر ماہی اتولہ

نمک مولی اتولہ

نمک خر بوزہ اتولہ

قلمی شورہ اتولہ

جو کھار اتولہ

نوشادر اتولہ

پھٹکری اتولہ

سہاگہ اتولہ

اب مولی آدھا کلو

ریٹھ کے علاوہ سب اجزا کو کوٹ کر مولی کے پانی میں پکائیں جب جمنے کے قریب ہو تو پوست ریٹھہ ملا دیں خشک ہونے ہر محفوظ کر لیں

اگرام کچی لسی یا شربت بزوری کے ساتھ دیں پتھری کو ریت بنا کر خارج کردیتا ہے..

168 گردے مثانے میں کیلشیم کی پتھری

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

تصدیق

حکیم ڈاکٹر جلال خان, افغانستان +93786154051

تخم گاجر 250 گرام
مغز ریٹھا 250 گرام
سونف 250 گرام

تینوں کا پاؤڈر کر کے رکھیں

آدھا آدھا چمچ صبح شام ناشتے کھانے کے بعد دیں..

گروں کا پرانے سے پرانا انفیکشن, گردے سکڑنا, پرانی سے پرانی پتھری جو کسی دوا سے نہ نکل رہی ہو خارج ہو جاتی ہے,
بار بار پتھری بننے کو بند کر دیتی ہے, قبزکشا ہے, رہا خارج کرتی ہے بےضر چیز ہے..

169 پتھری گردہ مثانہ

صاحب ے نسخہ

ویدنرمل لوہی

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

مولی خار 10 گرام
جو خار 10 گرام
قلمی شورا 10 گرام
پھٹکری کھیل 10 گرام
مگھا دیسی گھی میں بریاں 5 گرام

پاؤڈر کر کے رکھیں

1-2 رتی صبح شام کچی لسسی کے ساتھ دیں

بہترین رزلٹ ہے,
میں فری دیتا ہوں کبھی بھی ایسا نہی ہوا کی پتھری ختم نہ ہوئی ہو..

170 درد گردہ جادو کی پڑیا

صاحب ے نسخہ

حکیم ہارون گوجر +923007351863

تخم خرفہ	100 گرام
تخم کاہو	100 گرام
سونٹھ پاؤڈر	160 گرام
اجواین دیسی	190 گرام
پوست ہلیلا زرد	190 گرام
نمک سیاہ	190 گرام

سبھی کا باریک پاؤڈر کر لیں
4 گرام تیز گرم پانی سے دے دیں
5-10 منٹ میں گردے کا درد بند ہو جاتا ہے, انجکشن سے تیز کام کرتا ہے..
جتنی دیر میں مریض کی دوائی بنیگی اتنی دیر میں مریض کو سکون ہو جاتا ہے..

171 پروسٹیٹ

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان, افغانستان +93786154051

گل منڈی اںناب چیریتا والا جوشاندہ 2-3 ماہ استمال کراین
کورونا والا کیپسول رات کو روزانہ ایک دین 1 مہینہ تک
5 دن میں فرک پڑتا ہے..

172 پروسٹیٹ

صاحب ے نسخہ

وید بندر سنگھ +919896583085

مغز تخم نیم کا پاؤڈر 1 گرام سے سوا گرام صبح شام تازے
پانی سے دیں
اسکے بعد ڈیڑھ گھنٹے تک کچھ کھانے کو نہ دیں

سردیوں میں کیننو کا 1 گلاس جوس روزانہ پلاے
مجررب ہے..

173 پتے کی پتھری

صاحب ے نسخہ

حکیم سردار محمد صفی +93771147867

ریوند چینی 20 گرام
ریوند ختایی 20 گرام
سونٹھ 20 گرام
نوشادر 20 گرام
کالی مرچ 20 گرام
قلمی شورا 20 گرام
سججی کھار 10 گرام
کالا نمک 10 گرام
گل سرخ ایرانی 10 گرام
زیرا سفید 10 گرام
ریوند اسارا 10 گرام

مہین سفوف بنا لیں.
500 ایم جی سے 1 گرام صبح شام شربت بزوری سے دیں.
جس دن بڑا پیشاب ہرے رنگ کو ہو سمجھیں اس دن پتھری ختم ہو گی...

174 پتے کی پتھری

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدررحمان بٹ +923317775748

تصدیق

حکیم عبدل عزیز ابن احمد

پتہ کی پتھری کے لیے میرا معمول, الحمد للہ کبھی ناکامی نہیں ہوئی

زنجبیل
فلفل سیاہ
رائی
سونف
نمک سیاہ
نوشادر ٹھیکری
پھٹکری بریاں

تمام اجزاء باریک پیس کر ملالیں.
2-2 گرام صبح , دوپہر, شام کھانے کے بعد پانی سے دیں.
ایک ماہ کے اندر اندر مکمل نجات مل جاتی ہے.

نوٹ: مذکورہ بالا نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کرواکر درج ذیل نسخہ چار دن استعمال کروائیں.

میگنیشیا سالٹ 20 گرام روزانہ رات 8 بجے ایک گلاس پانی میں گھول کر پلادیں.
اسکے بعد رات 10 بجے ایک گلاس موسمی یا کینو کے جیوس میں 40 ایم ایل روغن زیتون خالص (ایکسٹرا ورجن) ملاکر پلائیں.
دوسرے روز 30 ایم ایل , تیسرے روز 20 ایم ایل اور چوتھے روز 10 ایم ایل ملائیں.

امید ہے اتنے عرصے میں مکمل راحت ہوجائیگی , پھر بھی اول الذکر نسخہ دوسرے پندرہ روز مزید استعمال کروادیں..

عبد العزیز ابن احمد پٹیل
یہ نسخہ الحمد اللہ میرا بھی مجرب ہے اس کے بہترین رزلٹ ہیں ساتھ فیٹی لیور پر بھی کام کرتا ہے..

175 تریاق درد دل برکی, انجاینا

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی   +923064376396

سونٹھ   20 گرام
کالی مرچ   10 گرام
مدار کا دودھ حسبے ضرورت
سونٹھ اور کالی مرچ کو کسی چینی مٹی کے پیالے میں رکھکر مدار کا دودھ اتنا ڈالیں کی یہ تر ہو جایں, اسے خشک ہونے دیں جب خشک ہو جائے تو دوبارہ مدار کا دودھ ڈالکر خشک کر لیں, خشک ہونے کے بعد پیس کر رکھیں
آدھا سے 1 چاول تک دیں
زیادہ مقدار میں کھا لینے سے الٹی متلی ہوتی ہے, اسے روکنے کے لئے آم کا اچار کھلا دیں الٹی رک جاتی ہے,
تیر بہدف ہے کبھی خطا نہی ہوا اسی کے ساتھ دل کی بند ورید شریانوں کو کھولنے کے لئے دوا المسک جوہردار سلیمانی جہانیا والوں کی 1 گرام ملا دیں اور عرق قلبی آدھا آدھا کپ صبح شام دیں ساتھ میں اکسیر 5 دیں
انشا اللہ دل کی بند ورید شریانوں کو کھولنے میں اکسیر تیر بہدف ہے..

176 امراض قلب, دل کی بند نصیں

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی +923064376396

ایلوا
سکمونیہ ولایتی
مگھا
کالی مرچ
سونٹھ
سورنجان شیریں
نوشادر

پاؤڈر بنا کر 500 ایم جی کیپسول بھر لیں یا نخودی گولی بنا لیں
1-1 گولی صبح دوپہر شام دیں

دل کی بند نصیں کھل جاتی ہیں, سوکیڈ بھی ختم ہو جاتے ہیں, تیر بہدف ہے

177 دل کے بند والو, ویریکوس وین

فیٹی لیور,بلوکج,کولیسٹرول, یورک ایسڈ

صاحب ے نسخہ

حکیم غلام دستگیر قادری, +923006880292

ہڑتال ورقیہ ڈلی 10 گرام
نمک 2 کلو

لوہے کے توے پر 1کلو نمک کا سفوف رکھ کر ہڑتال کی ڈلی رکھ دیں, پھر باقی کا نمک سفوف رکھکر اچھے سے دبا کر ہلکا پانی کا چھینٹا دے دیں
اسے نرم آگ پر 4-6 گھنٹے پکا کر ٹھنڈا کر کے نکلا لیں, سرخ رنگ میں برآمد ہوگی, 2-3 گھنٹے کھرل کر کے رکھیں,

تیرکوٹہ پاؤڈر 100 گرام
ہڑتال در نمک 10 گرام
دونو کو بہترین کھرل کر کے 1-1 گرام کیپسول بھر لیں
1-1 کیپسول صبح شام کھانے کے بعد پانی سے دیں, عرق مکو کے ساتھ دینے سے رزلٹ تیز ملتے ہیں
زیادہ پریشانی ہو تو دن میں 3 بار بھی دے سکتے ہیں..

178 دھڑکن تیز چلنا

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر نعیمہ +918056056863

ارجن چھال کا پاؤڈر 500 ایم جی صبح شام دیں
2-3 خوراک میں دھڈکن نارمل کرتا ہے..

179 دل کے بلاک والو, آرٹری بلاک

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

میٹھا سوڈا 250 گرام
ہڑتال ورقیہ ڈلی (پتروں والی نہ ہو) 10 گرام

مٹی کی ہانڈی گل حکمت کی ہوئی میں 125گرام میٹھا سوڈا رکھیں اسکے اوپر ہڑتال کی ڈلی رکھ کر باقی میٹھا سوڈا رکھ کر دبا دیں,
ہانڈی کا منہ بند کر کے گل حکمت کر کے 5 گھنٹے کی درمیانی آگ دے دیں.. آگ نہ زیادہ ہو نہ کم ہو,
5 گھنٹے بعد گیس بند کر کے ٹھنڈا ہونے دیں, ٹھنڈا ہونے ک بعد ہڑتال نکال لیں جو سرخ رنگ میں برآمد ہوگی,

سرخ نہ ہو تو اسی سوڈے میں دوبارہ 1-1.5 گھنٹے کی آگ دے دیں. نکال کر پیس کر رکھیں..

ہڑتال ورقیہ در میٹھا سوڈا 10 گرام

ست اجواین 250 گرام

ہڑتال ورقیہ کو 3-4 گھنٹے کھرل کریں پھر ست اجواین تھوڑا تھوڑا ڈالکر کھرل کر کے کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھیں, ہوا نہ لگے ورنہ پانی بن جایگا

2-4 چاول صبح ناشتے کے بعد دودھ سے دیں اور رات کو دودھ سے دیں

ساتھ میں

خمیرہ گاوزبان آدھا چمچ عرق گاوزبان میں حل کر کے صبح شام دیں.

ارجن کی چھال کا پاؤڈر 10 گرام 1 گلاس پانی میں ڈالکر رکھیں صبح ہلکی آگ پر پکا کر جب آدھا گلاس رہ جائے تو چھانکر دن میں 2-3 بار پلا دیں..

دیسی گھی, چکنائی, چاول, دہی, لسسی, گوشت, ملائی, مکھن, اروی, بھنڈی, کیلا, ٹھنڈا پانی, کولڈ ڈرنک, وگیرہ بند کر دیں

بلوکج میں لاجواب ہے, کولیسٹرول کو بھی ٹھیک کرتا ہے دل کی گھبراہٹ کو ٹھیک کرتا ہے..

180 اسپاینل کورڈ کا ڈیمیج ہو جانا,

دماگی مسائل, ہاتھ پیر سن ہونا, نچلے دھڑھ کا کام نہ کرنا, موہروں کا درد, گردن کمر جوڑ درد, سیاٹیکا

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

تصدیق

حکیم ارشاد الہ

ہڑتال ورقیہ در میٹھا سوڈا 10 گرام
تخم السی پاؤڈر کپڈ چھن 250 گرام
میتھی دانہ پاؤڈر کپڈ چھن 250 گرام

3-4 گھنٹے ایک جان کھرل کر کے محفوظ رکھیں,

500ایم جی کیپسول بھر کر رکھیں

1-1 کیپسول صبح شام گنگنے دودھ سے دیں
سردی میں 500 ایم جی دیں,
گرمی میں 250 ایم جی دیں..

181 ایسے لوگ جنکو چوٹ لگی ہو
یا انکے پٹھے رک گئے ہوں یا سوکھ گے ہوں

صاحب ے نسخہ

حاجی غلام حیدر منڈی مرید

جائفل	50 گرام
جاوتری	50 گرام
لونگ	50 گرام
گھونگھچی سرخ	125 گرام
چاروں اجوائن	250 گرام
چھتے کی موم	50 گرام
انڈوں کا تیل	12 عدد کا

(انڈوں کے تیل کو بلکل آخر میں ڈالنا ہے)

میٹھا تیل	1500 گرام

اوپر والی پہلی پانچ چیزوں کو تھوڑا سا دادڑ کر لیں یعنی نیم کوفتہ (یعنی نا پاوڈر بنا ہو اور نا ہی یہ ثابت رہ جاے) تو انکو پانی کے اندر رات کو بھگو دیں اور صبح اسکو میٹھے تیل کے اندر ڈال کے ہلکی آنچ پہ پکائیں ۔آگ بہت سلو ہونی چاہیے تاکہ ایک دم آگ نہ بھڑک اٹھے تو جب یہ تمام چیزیں آپ سمجھ لیں کہ جل گی ہیں اور پانی جو تیل

میں ڈالا تھا وہ بھی خشک ہو گیا ہے ۔تو اسکو احتیاط سے اتار لیں۔ تیل کو پن لیں اور اس میں اب انڈوں کا تیل شامل کریں اور پھر موم شامل کریں, اپکا تیل تیار ہے

آپ نے اس تیل کی اوپر سے نیچے کو مالش کرنی ہے۔جہاں جیسے خون کی رگوں کا بہاو ہے ویسے کریں۔تیل کی اچھی طرح مالش کرکے مریض کو دھوپ میں بٹھائیں۔یا اگر رات کو کرنی ہے تو پھر اوپر گرم کپڑا باندھ دیں۔
احتیاط
جتنے دن مریض کو مالش کرنی ہے اتنے دن نہلانا نہیں ہے..

182 جسم کے کسی حصّے کا سوننپن,

جسم کا سو جانا, خون کا گاڑھ ہونا

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی +923064376396

السی, میتھی دانہ, سونٹھ
ہموزن لے کر پاؤڈر بنا لیں
آدھا آدھا چمچ صبح شام دیں, مجرب ہے..

183 کینسر ہما قسم

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چقوال +923488349957

میٹھا سوڈا حسبِ ضرورت
گھی گوار کا مقطر پانی حسبِ ضرورت

میٹھے سوڈے میں گھی گوار کا پانی اتنا ڈالیں جس سے وو تر ہو جائے, پانی زیادہ نہ ہو صرف اتنا ہو جیسے آٹا گوندھا جاتا ہے, اسے خشک کر لیں اور کھرل کر کے محفوظ رکھیں..

250 -500 ایم جی کیپسول صبح شام کھانے کے بعد دیں
مرض مریض عمر کی نوعیت کے حساب سے

جگر کا کینسر, میدے کا کینسر, جسم میں کہیں بھی کینسر ہو, کینسر کے جراثیم ہوں اسکو ختم کرتا ہے
پیلیا-ہیپاٹائٹس ختم کرتا ہے بس تھوڑا وقت لیتا ہے, بڑھی ہوئی تللی کو ٹھیک کرتا ہے,

کینسر والوں کو پانی کے ساتھ دیں

ایچ پایلوری, میدے کے امراض, پیلیا-ہیپاٹائٹس, تللی کے بڑھنے میں

اسکو عرق مکو+ عرق کاسنی+ عرق بادیان

تینوں کو مکس کر کے آدھا کپ عرق کے ساتھ دیں صبح شام....

184 گنگرین, پرانے زخم

تصدیق

حکیم صوفی رفاقت علی 923064376396+

تل تیل 1 کلو

گندھک انوالہ سار پاؤڈر 70 گرام

لونگ کا کپڈ چھن پاؤڈر 25 گرام

تلوں کا تیل کڑاہی میں ڈالکر نرم آگ پر جلا لیں, بیچ بیچ میں چلاتے بھی رہیں, جب یہ محلول کالے رنگ کا ہو جائے تو اتار کر لونگ کا پاؤڈر ڈالکر اچھے سے ملا کر یکجان کر کے محفوظ رکھیں..

زخم پر پتی باندھ کر اس پر 1 گھنٹے تک سکائی کریں زخم ٹھیک ہونے کے بعد نشان بھی نہی رہتا..

185 میدے کا کینسر

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

ہلدی
ملٹھی
سونف
سک سمبلو سیاہ

سبھی برابر وزن لے کر مہین پاؤڈر کر لیں

آدھا آدھا چمچ صبح شام دیں,
لاجواب رزلٹ ہے..

186 خون کا کینسر, جگر کا کینسر

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاکت علی +923064376396

اک کا دودھ 10 گرام
ہلدی 150 گرام

دونوں کو خوب کھرل کر کے خشک کر لیں
250 ایم جی خوراک دیں

اسکے ساتھ

ملیّن 5 500 ایم جی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ دیں
کھانے پینے میں
گاجر کا جوس, سفید انار کا جوس, موسمی کا جوس دیں
اور
ٹنڈا, کددو, گاجر, شلجم, کالی مرچ دیں..

187 کینسر ہما قسم

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان افغانستان +93786154051

دھماسا 150 گرام
سک سمبلو 150 گرام
جواسا 150 گرام

ہموزن لیکر انکا رب تیار کریں..
قوام جب گاڑھا سا ہو تو اس میں ترفلہ پاؤڈر 250 گرام ڈالکر اچھے سے یکجان مکس کر کے چنے برابر گولی بناکر رکھیں..

1-1 گولی صبح شام یا 1 گرام خوراک دیں..
الحمداللہ کبھی خطا نہی گیا..

188 پیٹ-گردہ کے سبھی امراض,

کینسر,گیس, بچیدانی کی گانٹھ, انڈے دانی کی سیسٹ, گردے کی سیسٹ,یوریا- کریٹنین, بلوکج, پس, خارش, پھوڑا-پھنسی, وریکوز وین

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان, افغانستان +93786154051

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

رتن جوت	50 گرام	شاہترا	50 گرام
چیریتا	50 گرام	گل منڈی	50 گرام
اننا ب	50 گرام	سر فونکا	50 گرام
ہرڈ زرد	50 گرام	اشبہ	50 گرام
برگ نیم	100 گرام	دھماسا	100 گرام
جواسا	100 گرام	زیرا سیاہ	100 گرام
تخم سرس	100 گرام	اسگندہ	150 گرام
سونف	150 گرام	ملٹھی	150 گرام

سبھی کو دردرا کوٹ کر 24-36 گھنٹے کے لئے 10-12 کلو پانی میں ڈالکر رکھیں, پھر ہلکی نرم آگ پر پکا لیں جب 1 حصّہ پانی باقی بچے تو سبھی کچھ نچوڑ کر پانی الگ کر لیں اور اس پانی کا رب بنا لیں

اس رب میں
رتن جوت 100 گرام
سنا مکی 100 گرام
تخم سرس 100 گرام
کلونجی 100 گرام
مغز ریٹھا 100 گرام
کا مہین کپڈ چھن سفوف رب میں شامل کر کے اسے یا تو ہلکی نرم آگ پر خشک کریں یا دھوپ میں خشک کریں اور 1000 ایم جی کیپسول بھر لیں..
یا رب کی گولی بنانے کے قابل ہونے پر چنے سے تھوڑی بڑی گولی بناکر خشک کر لیں

1-1 صبح شام خالی پیٹ یا کھانے کے 1 گھنٹہ بعد پانی یا عرق مکو یا عرق قاسنی سے دیں..
جہاں کوئی مرض سمجھ نہی آے تو یہ دے دیں انشاللہ ناکامی نہی ملیگی..
مجررب معمول مطب ہے..
جہاں کوئی مرض سمجھ نہ آے وہاں دے دیں انشاللہ رزلٹ ملیگا..

189 گردہ فیل, یوریا, کریٹنین

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

مغز ریٹھا 40 گرام
کلونجی 50 گرام

پاؤڈر بنا کر 500 ایم جی کیپسول بھریں
1-1 کیپسول صبح شام دودھ کے ساتھ دیں

ہلدی 50 گرام
آنولہ 50 گرام

دونوں کا پاؤڈر بنا لیں
2 گرام صبح 11 بجے 2 گرام شام 5 بجے دیں
بہترین مجررب نسخہ ہے..

190 گردا فیل, یوریا-کریٹنین

صاحب ے نسخہ

حکیم ڈاکٹر جلال خان, افغانستان +93786154051

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

ہلدی 100 گرام
آملا خشک 100 گرام
مغز ریٹھا 150 گرام
کلونجی 50 گرام
سبھی کا سفوف بناکر رکھیں, آدھا آدھا چمچ صبح شام نیچے لکھے کاڑھے سے دیں

گوکھرو 100 گرام
مغز کھیرا 100 گرام
زیرا سفید 50 گرام
تینوں کا دردرا کر کے رکھیں
1 چمچ پاؤڈر 1 گلاس پانی میں ڈالکر رات کو رکھیں صبح ہلکی آگ پر پکا لیں جب 1 کپ بچے تو چھانکر اسکے ساتھ صبح شام لیں
صبح بھیگوکر شام کو پلاے..

191 سوزاک کیلئے

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد 9715449664478+

پھٹکری بریاں
نوشادر
گندھک آملہ سار
تینوں برابر وزن پوڈر کریں

چاے کا چوتھائی حصہ صبح ہمراہ شربت بزوری بارد استعمال کریں
انشاء اللہ سوزاک ختم ہو جائے گا..

192 تریاق سوزاک

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ, +923016512291

زیرہ سفید 5 تولہ
پھٹکڑی سفید 5 تولہ
قلمی شورہ 5 تولہ

تینوں اشیاء کوٹ کرکسی مٹی کےکھلے منہ کے برتن میں رکھ کراگ پر رکھیں حتی کہ اگ برتن والی ادویات کو لگ جاے جب جل کر خاکستر ہو جاے تو اتار کر ڈھانپ دیں جب سرد ہو جاے پیسکر سفوف بنا لیں

3-3 گرام صبح دوپہر شام بکری کے دودھ یا شربت بزوری سے استعمال کریں

یہ تریاق سوزاک کاحکمی علاج ہے حتیٰ کہ تیس سالہ سوزاک بھی چند یوم میں نیست ونابود ہو جاتا ہے..

193 شفائے پس نل کیپسول

صاحب ے نسخہ

حکیم میاں محمد صدیق 923004896615+

پوست ریٹھا 10 تولہ
گوکھرو 10 تولہ
کشتہ حلزون در شیر مدار 5 تولہ
سفوف بنا لیں

500 ملی گرام صبح،دوپہر و شام کو دیں
پس سیل،سوزاک کےلیے 15 دن کافی ہے..

194 منی میں پس سیل

صاحب ے نسخہ

حکیم امانت علی 923124600929+

تخم کاہو, بابچی
سفوف بناکر چمچ کا چوتھائی صبح شام خالی پیٹ دیں..
ہمبستری کا پرہیز,
مجررب ہے..

195 سوزاک

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدل رحمان بٹ بحرین 923317775748+

پھٹکری بریاں, قلمی شورا, گندھک آملاسار
ہموزن سفوف بناکر رکھیں
آدھا چنے سے 2 چنے تک مریض کے مطابق
گرمی میں کچی لسسی سے
سردی میں شربت بزوری سے..

196 سوزاک

صاحب ے نسخہ

وید مکیش جانگڈ انڈیا 917014830412+

کباب چینی 100 گرام, سنگ جراحت 50 گرام, قلمی شورا
10 گرام, سونا گیرو 10 گرام, پھٹکری بریاں 5 گرام
کافور 5 گرام

سبھی کا مہین سفوف بناکر رکھیں..
2 سے 2.5 گرام کچی لسسی کے ساتھ دیں
زیادہ پریشانی ہو تو دن میں دو بار دیں..

197 ذکاوت حس, جریان, احتلام

صاحب ے نسخہ

حکیم عبد الغفار, فیصلآباد +923068813885

ہلیلا سیاہ 50 گرام
شتاور 150 گرام
دونوں کو ثابت ہی دیسی گھی میں بریا کریں اور پاؤڈر بنا کر وزن کر کے مکس کر لیں
1-1 گرام صبح شام خالی پیٹ یا کھانے سے 1 گھنٹہ بعد پانی یا دودھ یا کچی لسسی سے دیں
عرصہ 15 سال سے معمول مطب ہے کبھی خطا نہی ہوا..

198 قوت عضو خاص طلا

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد +971544966478

ہینگ خالص 10 گرام. شہد خالص 10 میں پیس کر رات کو عضو خاص پر کریم کی طرح لگائے اوپر ململ کپڑے کے پٹے باندھ لیں دس یوم استعمال سے مردہ رگوں میں جان پڑ جائے گا, عضو میں سختی پیدا کرتا ہے..

199 حب مقوی

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ, 923016512291+

کشتہ سہ دھا تہ	3 تولہ
کشتہ نقرہ	1 تولہ
کشتہ فولاد	2 تولہ
سلاجیت	1 تولہ

تمام اشیاء کو خسیاندہ پوست خشخاش میں تین یوم کھرل کریں اور دورتی کی گولیاں بنالیں

کھانے کے اگھنٹہ بعد ایک گولی کھائیں

قوت باہ کے لیے لاجواب
اعضاء رئیسہ میں حیرت انگیز قوت و توانائی پیدا کر کے اعصاب کو طاقتور اور مضبوط بناتی ہے جسم میں پھرتی اور چہرہ پر رونق لے اتی ہے..

200 جریان, احتلام, سرعت انزال

صاحب ے نسخہ

ڈاکٹر ذاکر حسین   +919928032716

گوکھرو 50 گرام, تال مکھانا 50 گرام, دھنیا خشک 50 گرام, گل سرخ 50 گرام, مصری 100 گرام

سبھی کا پاؤڈر بناکر رکھیں
5-5 گرام صبح شام دیں..

201 سفوف تریاق جریان

صاحب ے نسخہ

حکیم محمد شبیر احمد کریمی

تصدیق

حکیم میاں محمد صدیق +923004896615

گوند کتیرا   5 تولہ
رال سفید   5 تولہ
تالمکھانہ   1 تولہ
کوزہ مصری 5 تولہ
باریک پیس لیں اور 2-2 گرام دن میں تین بار دی..

202 معجون برائے نامردی,

مردانہ کمزوری

صاحب ے نسخہ

حکیم عبرار +923336765806

تصدیق

وید مکیش جانگڑ +911714830412

وید بیندر سنگھ +919896583085

مغز بادام, مغز پستہ, مغز فندک,ناریل گری,خشخش, موصلی سفید, موصلی سیاہ, تال مکھانا, بیج بند, تخم اٹنگن, گوکھرو, تج, سونٹھ, تل سفید, کباب چینی, موچرس, لسوڑھا, قمر کس, جوزبوا, جاوتری, تخم مولی, تخم گاجر, تخم شلجم, تخم پیاز, الایچی خورد, الایچی کلاں, سالب مصری, مصتگی رومی سبھی 10-10 گرام, شہد 3 گنا

معجون بنا لیں

1-1 چمچ صبح شام دودھ سے دیں, تیر بہدف ہے

اگر کسی کی جیب اجازت دے تو ایس معجون سے 100 گرام معجون الگ کر کے اسمیں

کستوری 1 گرام

کشتہ سونا 1 گرام ملا کر دے دیں, کمال چیز ہے..

203 طلا اکسیری

صاحب ے نسخہ

حکیم عبرار   +923336765806

تصدیق

وید مکیش جانگڈ +911714830412

نوشادر ٹھیکری   20 گرام
میٹھا تیلیا   20 گرام
ہڑتال تبکی   20 گرام
سنکھیا سفید   20 گرام
پارہ   20 گرام
دیسی گھی   250 گرام

1-5 تک کے اجزا کو 3 گھنٹے بہترین کھرل کریں, اسکے بعد
کسی گھرے برتن جگ وگیرہ میں (کڑھائی میں آگ لگ جاتی ہے) گھی ڈالکر ہلکی نرم آگ پر رکھ کر سبھی پاؤڈر ڈالکر جلا لیں, جب سب جل جائے تو ٹھنڈا کر کے محفوظ رکھیں..
حشفہ سیون چھوڑ کر استمال کرایں..

204 جگر, مثانے کی گرمی,

خارش, احتلام

صاحب ے نسخہ

حکیم عبرار +923336765806

تصدیق

وید مکیش جانگڈ +911714830412

زیرا سفید
جوں کھار ایک نمبر
قلمی شورا ایک نمبر
نوشادر ٹھیکری
ریوند چینی

ہموزن لے کر سفوف بنا لیں
2-2 گرام صبح دوپہر شام پانی سے دیں,

جگر کے امراض, مثانے کی گرمی, خارش پر اکسیر ہے,
کسی بھی دوائی سے احتلام نہ رکتا ہو تو یہ 3 دن میں احتلام ٹھیک کرتی ہے,
بی پی نارمل کرتی ہے. مجررب ہے..

205 طوفان میل ٹائمنگ کے لئے

صاحب ے نسخہ

حکیم بابا سلطان +923007538700

تصدیق

حکیم افتخار +923145104141

افیم خالص 10 گرام
شلاجیت 1 نمبر 10 گرام
ہیرا ہینگ 1 نمبر 10 گرام
کالی مرچ سے لیکر چنے برابر گولی بنا لیں
عصر کے وقت 1 گولی ہمراہ دودھ 250-500 گرام دیں..
ٹائمنگ کے لئے لاجواب چیز ہے..

206 ٹائمنگ

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد +971544966478

افیم مدبر در پیاز 10 گرام, ہرمل 10 گرا

دانہ ماش کے برابر گولی بنا لیں, 1 گولی مباشرت سے 1 گھنٹہ پہلے دودھ سے دیں..

207 معجون مقوی باہ

صاحب ے نسخہ

حکیم محمد ارشد سرگودھا +923447463834

اسگندہ ناگوری	50 گرام
عقرقرا	50 گرام
دارچینی	50 گرام
لونگ	50 گرام
جاوتری	50 گرام
شتاور	50 گرام
ہرمل	50 گرام
زعفران	10 گرام
تل سیاہ	375 گرام

سبھی کا پاؤڈر کر کے 3 گنا شہد ملاکر معجون بنا لیں
آدھا آدھا چمچ صبح شام دودھ سے دیں..

208 ممسک, محرک

صاحب ے نسخہ

حکیم عزیز احمد چاقوال +923488349957

تصدیق

حکیم سلیم شہزاد سمرا

تخم ہرمل	250 گرام
تخم خشخش	250 گرام
مغز پنبہ دانہ	250 گرام
تخم پیاز	250 گرام
ریگ ماہی نیم نیم بریا	25 گرام

سبھی کا باریک پاؤڈر کر کے رکھیں
آدھا چمچ صبح شام دودھ کے ساتھ دیں
7 دن میں مریض رزلٹ بتاتے ہیں..

209 امساک کے لیے

صاحب ے نسخہ

حکیم عبدالغنی, اسلام آباد +971544966478

تخم اوٹنگن	10 گرام
ریگ ماھی	10 گرام
اجوائن	10 گرام
مغز بادام	20 گرام
مغز اخروٹ	8 گرام
دانہ الائچی خورد	20 گرام
شنگرف	10 گرام
جاوتری	5 گرام
مغز پستہ	20 گرام
مغز چرونجی	20 گرام
تخم پیاز	5 گرام
زعفران	5 گرام

باریک پیس کر شہد کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنا لیں
دو گولیاں مبا شرت سے ایک گھنٹہ پہلے شیر گاؤ سے استعمال کریں
یہ گولیاں امساک پیدا کرنے می بی مثل ہے.

210 حب ممسک

صاحب ے نسخہ

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا +923007750558

عقرقرحا
مغز جائفل
کشتہ شنگرف
اجوائن خراسانی
تریاق خالص
تمام ادویات برابر وزن

دانہ مٹر برابر گولی باندھیں
ایک تا دو گولی وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ کے ساتھ۔
وقتی ٹائمنگ بحال کرنے کے لیے بے مثال دوا ہے سرعت انزال کا فوری و مسؤل رزلٹ آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں..

211 ذکاوت حس, مزی

صاحب ے نسخہ

حکیم صوفی رفاقت علی صاحب لاہور

دھنیا خشک 3 تولہ

گوند کیکر 3 تولہ

چھلکا ریٹھا 3 تولہ

زیرا سیاہ 1 تولہ

سبھی کا سفوف بنا کرنخودی گولیاں بنا لیں

یا 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں

2-1 کیپسول دن میں 3 ٹائم ہمراہ پانی دیں

ان شاء اللہ ایک دو دن میں ہی آرام آجاتا ہے..

212 معجون شباب مدنی

صاحب ے نسخہ

حکیم ظفر مدنی

موچرس, گوند کیکر, اسگند, خولنجاں, طباشیر, ثعلب مصری, گوکھرو, بہوپھلی, دارچینی,الائچی کلاں
سبھی 20-20 گرام
تخم کونچ, عقرقرحہ, ریگ ماہی, بہمن سرخ, بہمن سفید, شقاقل مصری, ستاور, تخم اوٹنگن, موصلی سفید, موصلی سیاہ, تالمکھانہ, تج, زعفران **سبھی 10-10 گرام**
مگھاں, مغز بادام, مغز چلغوزہ, مغز اخروٹ, مغز کاجو, مغز پستہ, تل, نر چھوارے, مغز فندق, کلونجی,
مغز جیا پوتا **سبھی 30-30 گرام** شہد 3 گنا

پاؤڈر کر کے معجون مکس کر دیں
3-5 گرام صبح شام دودھ سے دیں..

انتشار، مقوی باہ، مغلظ، سپرم کی کمی کو دور کرتا ہے..

213 طلا ے کمال

صاحب ے نسخہ

حکیم نعیم جاوید

تصدیق

ڈاکٹر مسیح +918393836440

روغن زیتون ایکسٹرا ورجن	100 گرام
دیسی انڈے کی زردی	2 عدد
لونگ	10 گرام
دار چینی	10 گرام
مغز جمال گھوٹا	20 عدد
بھلاوا	4 عدد
روغن ملکنگنی	20 گرام
روغن بیر بھوٹی	20 گرام
جائفل	20 گرام

روغن زیتون کو کڑاہی میں ڈالکر گرم کریں
گرم ہونے کے بعد اس میں انڈے کی زردی ڈالکر جلا لیں,
پھر باقی سبھی چیزے ڈالکر جلا لیں آخر میں بھلاوا ڈالکر
جلاے. چھانکر دونوں روغن شامل کریں..
21 دن استمال کریں, کوئی دانہ چھالا نہی ہوتا.

214 کرم منی بڑھانے کے لئے

صاحب ے نسخہ

ویدمکیش جانگڈ +917014830412

مغز تمر ہندی	100 گرام
برگد کا دودھ	100 گرام
مغز جیاپوتا	50 گرام
سالب مشری	50 گرام
سفید موصلی	50 گرام
ویدھاری کند	50 گرام

مغز املی کا پاؤڈر کر کے برگد کے دودھ میں تر کر کے خشک کر لیں
باکی سبھی کا پاؤڈر مکس کر کے رکھیں

4-5 گرام صبح شام دودھ کے ساتھ دیں

15-20 دن دینا کافی رہتا ہے, کرم منی پورے ہو جاتے ہیں بشرط کی پس سیلس نہ ہوں..

بہترین چیز ہے..

215 شوگر کی وجہ سے جسمانی
کمزوری,عصابی کمزوری, شہوت کی کمی

صاحب ے نسخہ

حکیم ہارون گوجر +923007351863

شلاجیت
مصتگی رومی
خراتین مصفا
تخم ہرمل بریاں
لونگ

سبھی برابر وزن لیکر مہین پاؤڈر کریں
